سے کیا ہے مگر آنکھ بند کر کے کسی معاملہ میں بھی کسی کی رائے قبول نہیں کی۔ خود مقدمات مرتب کر کے نتائج نکالے ہیں۔ مولانا کے مخالف سے مخالف کا بھی نام لیا ہے تو سنجیدگی اور شرافت کے ساتھ۔ غرض کہ مولانا پر اب تک جو کتابیں لکھی گئی ہیں اُن کے ذخیرہ میں یہ کتاب ایک خوشگوار اور مفید اضافہ ہے۔

مطائباتِ شبلی: جناب ایس۔ جالب مظاہری تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۶ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت دو روپے پچاس پیسے۔ پتہ: علوی بک ڈپو۔ محمد علی روڈ۔ بمبئی ۳

مولانا شبلی اپنے غیر معمولی علمی و تحقیقی کمالات کے علاوہ فطری ادیب بھی تھے۔ اس لئے تحریر و تقریر میں اُن کی زبان اور قلم سے بیساختہ ایسے فقرے نکل جاتے تھے جو فصاحت و بلاغت اور جدت و ندرت کی جان ہوتے تھے۔ اس کتاب میں مولانا کے ایسے ہی فقرے مختلف عنوانات کے تحت یکجا کر دیئے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ کتاب جامع نہیں ہے۔ تاہم اس سے مولانا کے مزاج و طبیعت، اخلاق و عادات، ذہانت و طباعی اور شوخ گفتاری پر روشنی پڑتی ہے۔ اور پڑھنے میں کیف حاصل ہوتا ہے۔

کنوز القرآن

شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے استاد جناب قاضی مظہر الدین احمد صاحب بلگرامی نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے جس میں موصوف نے تقریباً ۷۵ عنوانات کے تحت قرآن کریم کی اہم چھوٹی چھوٹی سورتوں اور متعدد چھوٹی بڑی آیتوں کا اردو اور انگریزی میں ترجمہ اور تشریح کی ہے۔

یہ کتاب انگریزی داں طبقہ کے لئے جو اسلام اور اس کے احکام کا ...سا چاہتا ہے بے حد مفید ہے۔ قیمت دو روپے پچاس نئے پیسے غیر مجلد دو روپے

(۲) ...ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی